مزید کاروائی کی اطلاع

امکانی غیر تصدیق (TNC)
(یو ایس کا شعبہ ہوم لینڈ سیکیورٹی (DHS)

ملازم کا آخری نام، پہلا نام	ملازم کا سوشل سیکیورٹی نمبر
ملازم کا اے - نمبر	ملازم کا دستاویزی نمبر
DHS امکانی غیر تصدیق کی تاریخ	کیس کی تصدیق کا نمبر

آپ کا مالک، (مالک کا نام)، "E-Verify" میں شامل ہے۔ "E-Verify" میں آپ کی فراہم کردہ معلومات فارم نمبر آئی – 9 (ملازمت کی قابلیت کی تصدیق) کو سوشل سیکیورٹی ایڈ مینسٹریشن (SSA) اور ڈیپارٹمینٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی (DHS) کے ریکارڈ کے ساتھ موازنہ کیا جائے گا تاکہ اس بات کی تصدیق ہو سکے کہ کیا آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز ہیں۔

آپ کو یہ اطلاع کیوں موصول ہوئی ہے:

آپ کو مزید کاروائی کا اطلاع فارم منجانب (مالک کا نام) اس لئے موصول ہوا ہے کہ آپ کے مالک کی طرف سے ("E-Verify") میں فراہم کردہ کچھ معلومات DHS اور SSA میں موجود ریکارڈ سے مماثلت نہی رکھتیں۔ اس کا مطلب ہر گز یہ نہی ہے کہ آپ نے اپنے مالک کو غلط معلومات فراہم کی ہیں یا یہ کہ آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔ آپ کی معلومات متماثل نہ ہونے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں – آپ ان وجوہات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے آن لائن پڑھ سکتے ہیں۔

(https://www.uscis.gov/e-verify/employees/tentative-nonconfirmation-overview).

اس سے پہلے کہ آپ کے مالک کو یہ بتایا جائے کہ آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز ہیں، آپ کو "E-Verify" سے پہلے کچھ اقدامات کرنے ہوں گے۔

آپ کو کیا کرنا ہوگا:

1. **اس صفحہ کے بالکل شروع میں دی گئی آپ کی معلومات کو دوبارہ پڑھیں۔** کسی بھی غلطی کی صورت میں اپنے مالک کو **(مالک کا نام)** آگاہ کریں۔ آپ کا مالک اس کیس کو بند کر سکے گا اور "E-Verify" میں درست معلومات دوبارہ داخل کر سکے گا۔ امید ہے کہ یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اگر آپ کی معلومات درست ہیں تو آپ اقدام نمبر 2 کی طرف جائیں۔
2. **یہ فیصلہ کریں کہ کیا آپ اس کیس کو حل کرنے کے لئے کوئی قدم اٹھانا چاہتے ہیں۔** اگر آپ کی درج بالا معلومات درست ہیں، تو آپ اپنی معلومات کی درستگی کے لئے قدم اٹھانے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ تاکہ DHS کے ریکارڈ میں بھی یہ ظاہر ہو سکے کہ آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز ہیں۔

اگر آپ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ اس کیس کو حل کرنے کے لئے کوئی قدم اٹھا نا نہی چاہتے، تو "E-Verify" اس بات کی تصدیق نہی کر سکے گی کہ آپ یونائیٹڈ سٹیٹس میں کام کرنے کے مجاز ہیں اور آپ کا مالک آپ کی ملازمت ختم کر سکتا ہے۔

ملامین کیے حقوق اور فرائض کے بارے میں مزید معلومات کے لئے وزٹ کریں، www.uscis.gov/e-verify/employees-rights-and-responsibilities.

کیس کو حل کرنے کے لئے اقدامات کرنا:

آپ کے آجر کو آپ کے کیس کو ای-تصدیق میں بھیجنے کی تاریخ سے DHS سے رابطہ کرنے کے لئے 8 وفاقی حکومت کے کام کے دنوں ہیں. آپ کا آجر آپ کو ریفرل کی تاریخ کی تصدیق فراہم کرے گا، جس سے آپ کو اس تاریخ کو بتائے گا جس کے ذریعے آپ DHS سے رابطہ کریں.

DHS سے رابطہ:

کیس کو حل کرنے کے لئے اقدامات کا آغاذ کرنے کے لئے، DHS اس نمبر پر کال کریں 888-897-7781 (ٹی ٹی وائے-800-877-8339) : ۔ ایک متعلقہ نمائندہ آپ کا مسئلہ حل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا.

جب آپ DHS کال کریں تو اپنے سامنے مزید کاروائی کی اطلاع ضرور رکھیں، تاکہ آپ اس کا حوالہ دے سکیں۔ DHS کا نمائندہ آپ سے اضافی معلومات یا دستاویزات بارے پوچھ سکتا ہے تاکہ آپ کا مسئلہ حل کیا جاسکے۔ اگر آپ کو کسی دیگر زبان میں مدد درکار ہو، تو آپ مترجم کی مدد ضرور مانگیں۔

اپنے کیس کا احوال جاننے کے لئے، myE-Verify پر وزٹ کریں

https://selfcheck.uscis.gov/SelfCheckUI/CaseTracker

براہ مہربانی درج ذیل میں نشاندہی کریں کہ آپ اس کیس کو حل کرنا چاہتے ہیں یا نہی۔

میں چناؤ کرتا/تی ہوں: (ایک پر نشان لگائیں)			